تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May 16, 2023

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ اور بی آئی پی پی، آئی ایس بی کا 'جنگل معیشت' کو فروغ دینے کا مشترکہ پروگرام شروع

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے، اے جے کے ماس کمیونی کیشن رسرچ سینٹر (اے جے کے ایم سی آرسی) اور بھارتی انسٹی ٹیوٹ آف پبلک پالیسی (بی آئی پی پی) انڈین اسکول آف بزنس (آئی ایس بی) جنگل میں رہنے والے لوگوں اور مقامی آبادی کی زندگی کو تبدیل کرنے میں اشتراک کے اعلان سے دونوں ادارے خوش ہیں۔انھوں نے ایم اے ڈولپمنٹ کمیونی کیشن دو ہزار تئیس کی پہلی جماعت کے ساتھ اس اہم کام کا آغاز کیا ہے۔

اس منفرد مشترکہ پہل کا مقصد بڑے پیمانے پر اہم پروجیکٹ کے نفاذ پر بنیادی توجہ کے ساتھ دونوں اداروں کے درمیان علمی اور معلوماتی اشتراک ہے۔ یہ پروجیکٹ کمیونی ٹی فاریسٹ ریسورس رائٹس (سی ایف آر) اور خواتین کی سربراہی والے کاروبار پر زور کے ساتھ بڑی اور پائے دار جنگل معیشت اور روزی روٹی دینے کے لیے ہے۔

ایم اے ڈولپمنٹ کمیونی کیشن کی پہلی جماعت کے رخ ساز تربیتی پروگرام کا افتتاح پروفیسر نجمہ اختر (پدم شری) شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پانچ مئی دو ہزار تئیس کو میر انیس ہال میں کیا۔انھوں نے اپنی تقریر میں اس پہل کی تعریف کی اور طلبا کا حوصلہ بڑھایا کہ وہ جنگل کو مواقع کی جگہیں بنانے کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لیے تبدیلی کے سفیر ہوں۔آئی ایس بی ۔بی آئی پی پی کی جانب سے بحث کی سربراہی پروفیسر اشونی چھترے ایکزیکیٹو ڈائریکٹر کر رہے تھے۔انھوں نے اس اشتراک کے پس پردہ دوردور اندیش تصور کا انکشاف کیا۔اس اشتراکی پروگرام کے کوآرڈی نیٹر پروفیسر دانش اقبال تھے۔

اس اشتراک سے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے، اے جے کے ماس کمیونی کیشن رسرچ سینٹر (اے جے کے ایم سی آرسی) اور بھارتی انسٹی ٹیوٹ آف پبلک پالیسی (بی آئی پی پی) انڈین اسکول آف بزنس (آئی ایس بی) کے درمیان تعلیمی اور تحقیقی تعاون کے راستے ہموار ہوں گے۔طلبا کو بھی فائدہ ہوگا کیوں کہ انھیں فیکلٹی کی مہارت، جدید تحقیقی سہولیات اور صنعت کے ساجھیداری سمیت مختلف النوع وسائل تک رسائی حاصل ہوگی۔ یہ جامع اپروچ ان میں جنگل معیشت سے بہتر آگاہی پیدا کرے گا اور مختلف سطحوں پر ساجھیداروں سے بات چیت کے لیے کارگر اور موثر حکمت عملیاں وضع ہوں گی۔

چھے روزہ ورکشاپ کے بعد ایم اے ڈولپمنٹ کمیونی کیشن پروگرام کے طلبا ملکانگیری جنگل خطے میں زمینی تجربات کے

حصول کے لیے جائیں گے۔

آئی ایس بی ماہرین کی ہمراہی میں وہ سنجیدہ تحقیق، ڈاکومینٹری سازی، تربیت، صلاحیت سازی اور جنگل حقوق اور معشیت پر مرکوز وکالت مہم میں حصہ لیں گے۔ایک ہفتے کے بعد جامعہ ملیہ اسلامیہ کے فیکلٹی اراکین بھی اس اہم مشترکہ مہم میں طلبا کے ساتھ شریک ہوں گیا ور مشترکہ کوششوں کو استحکام دیں گے۔

پروگرام کا مقصد ڈولپمنٹ کمیونی کیشن میں مستقبل کے رہنما تیار کرنا اور سوسائٹی میں مثبت تبدیلی لانے کے لیے ضروری صلاحیتوں سے انھیں آراستہ کرنا تھا۔پورے ورکشاپ کے دوران طلبا فاریسٹ اپارچونیٹیز: سسٹم انٹرایکشن، آوٹ کمس ،ہسٹوریکل پرسپیکٹیو آن فاریسٹ رائٹس ان انڈیا، مشن شکتی: ایس ایچ جی ایس ٹو ایس ایم ای، جھارکھنڈ میں خواتین کی سربراہی والے کاروبار کی سکسیز اسٹوریز اوراوڈیشا ڈیموکریٹیک گورنینس آف فاریسٹس اینڈ جینڈر رولز جیسے مختلف النوع موضوعات پر تحقیق کریں گے۔

اے جے کے ماس کمیونی کیشن رسرچ سینٹر(اے جے کے ایم سی آرسی) اورآئی ایس بی۔ بی آئی پی پی کا یہ مشترکہ پروجیکٹ پائے دارترقی کی راہ میں اختراعی تحقیق، انقلاب آفریں تجربات اور مشترکہ کوششوں کے لیےایک اسٹیج کرے گا۔امید ہے کہ اس اشتراک کا اثرعلمی حلقے میں ہی محدودنہیں رہے گا بلکہ جنگل معیشت اور مقامی آبادی کو بااختیار بنانے کے سلسلے میں دیرپا اثر قائم کرنے کی بھی قوت وصلاحیت کا بھی حامل ہوگا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی